امید ہے کہ ہند و پاک کے علمی و ادبی حلقے اس کا خاطر خواہ خیر مقدم کریں گے اور اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔

اقبال ریویو۔ اڈیٹر ڈاکٹر محمد رفیع الدین۔ اسسٹنٹ اڈیٹر خورشید احمد صاحب۔ تقطیع متوسط ضخامت ۱۰۴ صفحات۔ انگریزی ٹائپ جلی اور روشن۔ کاغذ دبیز اور اعلیٰ۔ سالانہ چندہ چھ روپیہ فی کاپی دو روپیہ۔ پتہ: اقبال اکاڈمی پاکستان۔ نمبر ۸۴ پاکستان سکریٹریٹ کراچی۔

یہ اقبال اکاڈمی پاکستان کا سہ ماہی مجلّہ ہے جو ابھی حال میں شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کا مقصد ایسے مقالات پیش کرنا ہے جو اقبال کی زندگی شاعری اور حکیمانہ فکر کے مطالعہ و تحقیق پر مشتمل ہوں اور جن کا تعلق سیاسیات سے ہو یا اخلاقیات سے تعلیم، تاریخ، معاشیات سے ہو یا فلسفہ، عمرانیات، مذہب، نفسیات اور فن سے۔ اس مجلّہ کا ایک نمبر انگریزی میں ہوگا اور دوسرا اردو میں۔ یہ پہلا نمبر انگریزی میں ہے اور اس میں سات مضامین ہیں (۱) اقبال کی شاعری میں تصوف" سعید نفیسی۔ (۲) شاعری کا اسلامی تصور" آئی آئی قاضی (۳) اقبال کا تصورِ ارتقاء" محمد رفیع الدین (۴) اقبال۔ ایک فلسفی شاعر" غلام مصطفےٰ (۵) بنگال میں مسلمانوں کے افکار پر اقبال کا اثر" ابوالحسین (۶) اقبال اور اسلامی قانون کی تشکیل جدید" خورشید احمد۔ (۷) اقبال کا نظریۂ علم" جمیلہ خاتون۔ یہ سب مضامین اگرچہ مختصر ہیں مگر معیاری اور فکر انگیز ہیں، بڑی بات یہ ہے کہ افکار اقبال کی تشریح اسلامی ذہن سے ایمانداری اور دیانت سے کی گئی ہے اس بنا پر امید ہے کہ اس مجلّہ سے اس جدید تعلیم یافتہ طبقہ کی بھی اصلاح ہوگی جو ذہنی طور پر مغربی افکار و نظریات سے حد درجہ مرعوب و مسموم ہے اور اس زہر کا تریاق بھی مہیا ہوگا جو پاکستان کے بعض غلط رو اہل قلم فکرِ اقبال کی من مانی اور غلط سلط تشریح کرکے نوجوانوں کے دل و دماغ میں پھیلا رہے ہیں۔ ہم کو مجلّہ کے فاضل اور صحیح الفکر ایڈیٹر سے اسی کی توقع بھی ہے۔ امید ہے کہ اہل ذوق اس کی قدر کریں گے۔

اردوئے معلیٰ غالب نمبر۔ مرتبہ پروفیسر خواجہ احمد فاروقی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۱۶۰ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ۔ اس خاص پرچہ کی قیمت تین روپیہ۔ پتہ:۔ شعبۂ اردو دلی یونیورسٹی۔ دلی - ۸

یہ دلّی یونیورسٹی کے شعبۂ اردو کا ششماہی تحقیقی رسالہ ہے اور مرزا غالب کی صد سالہ برسی کی تقریب